# MenACWY، HPV اور Tdap سے تحفظ کی ویکسینز

سیکنڈری اسکول کے سال اول کے طلبہ اور والدین کے لئے معلومات

## اس کتابچے کے متعلق

یہ کتابچے والدین اور طلبہ کے لئے ہے اور ہمیں امید ہے کہ آپ اسے اکٹھے پڑھیں گے۔
HSE اسکول ویکسینیشن ٹیمیں سال اول کے تمام طلبہ - لڑکوں اور لڑکیوں سمیت - کو HPV، Tdap اور MenACWY ویکسینز پیش کریں گی۔ یہ ضروری ہے کہ والدین اور سرپرست ایک مختصر فارم پڑھیں اور دستخط کر کے واپس کریں جس سے ظاہر ہو کہ وہ اپنے بچے کو ویکسین لگوانے سے متفق ہیں۔ یہ فارم "سیکنڈری اسکول کا سال اول شروع کرنے والے بچوں کی ویکسینیشن کی رضامندی کا فارم" کہلاتا ہے

یہ کتابچہ آپ کو درج ذیل کے بارے میں بتاتا ہے:

- سال اول کے طلبہ کو پیش کردہ ویکسینز - وہ کس چیز سے تحفظ دیتی ہیں اور کتنی خوراکوں کی ضرورت ہے
- اسکول ویکسینیشن ٹیموں کے وزٹس کے بارے میں
- عمومی سوالات
- آپ کو مزید معلومات کہاں سے مل سکتی ہیں
- رضامندی کا فارم

اگر بطور والدین یا طالب علم، اس کتابچے کے کسی حصے کے بارے میں آپ کا کوئی سوال ہے تو براہ مہربانی ویکسینیشن ٹیم کے کسی رکن سے رابطہ کریں۔ آپ کی مقامی ٹیم کا فون نمبر اس پیک میں شامل ہیں۔

## ہم جو ویکسینز پیش کرتے ہیں

ویکسین ایک مادہ ہے جو کسی مخصوص مرض کے خلاف مدافعت (تحفظ) میں اضافہ کرتا ہے۔ پھیلنے والے امراض سے بچاؤ کے لئے تین ویکسینز پیش کی جا رہی ہیں۔

**HPV ویکسین** HPV وائرس سے بچاتی ہے جو لڑکوں اور لڑکیوں دونوں میں کینسر پیدا کر سکتا ہے۔

**MenACWY ویکسین** چار اقسام کے مینگوکاکل مرض سے بچاتی ہے جو جس مینجائٹس (دماغ کی تہہ کی سوزش) اور/یا سیپٹیسیمیا (خون میں زہر) پیدا کر سکتا ہے۔

**Tdap ویکسین** جو درج ذیل سے بچاتی ہے:

- ٹیٹنس (ٹیٹنس کا زہریلا مادہ پٹھوں میں تکلیف دہ اینٹھنیں اور جھٹکے پیدا کر سکتا ہے)
- ڈفتھیریا (یہ بیکٹیرنیا گلے میں درد اور سانس لینے میں شدید دشواری کا باعث بن سکتا ہے) اور
- پرٹسز (اس بیکٹیریا کو کالی کھانسی بھی کہا جاتا ہے اور یہ شدید کھانسی اور قے پیدا کرتا ہے)

**HPV ویکسین: کینسر سے بچاتی ہے**

**MenACWY ویکسین: مینجائٹس سے بچاتی ہے**

**Tdap: ٹیٹنس، ڈفتھیریا اور کالی کھانسی سے بچاتی ہے**

## اسکول ویکسینیشن ٹیم کے وزٹ

HSE اسکول ویکسینیشن ٹیمیں طلبہ کو ویکسین لگانے کے لئے اسکول آئیں گی۔ درج ذیل ویکسینز دی جاتی ہیں:

- HPV ویکسین
- Tdap ویکسین
- MenACWY ویکسین

HPV ویکسین ایک بازو میں لگائی جاتی ہے اور Tdap اور MenACWY ویکسینز دوسرے بازو میں فاصلہ رکھ کر لگائی جاتی ہیں۔

## ویکسینز - ہر ویکسین کے بارے میں مزید تفصیلات HPV ویکسین - لڑکیوں اور لڑکوں کے لئے

## HPV کیا ہے؟

HPV "ہیومن پاپیلوماوائرس' کا مخفف ہے، جو کہ 100 سے زائد وائرسز کا گروہ ہے۔ HPV وائرس بہت عام ہے؛ زیادہ تر لوگوں اپنی زندگی میں HPV کی کسی قسم سے متاثر ہوتے ہیں۔ اگر آپ کسی ایسے شخص کے ساتھ جنسی عمل کریں جسے پہلے سے HPV وائرس لگا ہو تو آپ کو بھی یہ وائرس لگ سکتا ہے۔

اکثر HPV انفیکشنز میں علاج کی ضرورت نہیں ہوتی۔ تاہم کچھ لوگوں میں HPV انفیکشن باقی رہ کر کینسر پیدا کر سکتا ہے۔ HPV جینیاتی مسے/دانے بھی پیدا کرتا ہے۔

یہ انفیکشن مردوں اور خواتین دونوں میں عام ہے، 80 فیصد سے زائد لوگوں کو زندگی میں کبھی نہ کبھی HPV ہوتا ہے۔
HPV ویکسین سرویکل کینسر اور دیگر کینسرز سے بچاتی ہے۔ HPV ویکسین کو گارڈاسل 9 کہا جاتا ہے۔

## HPV ویکسین کیوں دی جاتی ہے؟

مامونیت کی قومی مشاورتی کمیٹی (NIAC) کی تجویز ہے کہ 12 تا 13 سالہ تمام بچے اسکول ویکسینیشن پروگرام میں HPV ویکسین لگوائیں تاکہ جب وہ بڑے ہو جائیں تو HPV سے پیدا ہوے والے کینسرز سے محفوظ رہ سکیں۔

NIAC کا کہنا ہے کہ HPV انفیکشن خواتین میں سرویکس، وجائنا اور ولوا (اندام نہانی کے حصے) کے کینسر اور سر اور گردن (گلے کے پچھلے حصے، بشمول زبان اور ٹانسلز کی بنیاد پر) کے کینسر اور مردوں اور خواتین دونوں میں مقعد کے کینسر اور مردوں میں عضو تناسل کے کینسر سے تعلق رکھتا ہے۔

## کون سے ممالک HPV ویکسین فراہم کرتے ہیں؟

اب 140 ممالک میں HPV ویکسین پروگرام پیش کیا جاتا ہے، جبکہ ان ممالک میں سے 50 سے زائد لڑکوں اور لڑکیوں دونوں کو یہ ویکسین لگا رہے ہیں۔ ان ممالک میں شامل ہیں:

- آسٹریلیا
- اٹلی
- نیوزی لینڈ
- ناروے
- یوکے
- یو ایس

www.hpv.ie پر ان پروگرامز کی کامیابی کے بارے میں مزید معلومات دستیاب ہیں

| |
|---|
| کینسر سے بچاؤ کے لئے 140 ممالک میں HPV ویکسین دی جاتی ہے |
| سال اول کو لڑکوں اور لڑکیوں کو HPV ویکسین پیش کی جاتی ہے۔ |

## HPV کون سے کینسر پیدا کر سکتا ہے؟

HPV مردوں اور خواتین دونوں میں کئی اقسام کے کینسر سے پہلے کے زخم - غیر معمولی خلیے - پیدا کر سکتا ہے۔ HPV وائرس درج ذیل پیدا کرتا ہے:

- تقریباً تمام سرویکل کینسر
- ولوا کے 10 میں سے 5 کینسر
- وجائنا کے 10 میں سے 7 کینسر
- HPV سے متعلق مقعد کے 10 میں سے 9 کینسر
- جینیاتی مسوں کے 10 میں سے 9 واقعات.

تحقیق سے ظاہر ہوا ہے کہ HPV انفیکشن درج ذیل کینسرز سے بھی تعلق رکھتا ہے:

- منہ اور گلا (اوروفارنکس)
- پچھلا رستہ (مقعد)
- مردانہ عضو تناسل

| |
|---|
| HPV دنیا بھر میں ہر 20 میں سے 1 کینسر کا باعث بنتا ہے |
| آئرلینڈ میں 550,000 سے زائد طلبہ اور دنیا بھر میں 100 ملین سے زائد لوگوں نے HPV ویکسین لگوائی ہے |

## HPV ویکسین کی کتنی خوراکوں کی ضرورت ہے؟

NIAC کی تجویز ہے کہ اسکول ویکسینیشن پروگرام کے ذریعے زیادہ تر لوگوں کو HPV ویکسین کی صرف ایک خوراک کی ضرورت ہے۔

جن لوگوں کا مدافعتی نظام نہایت کمزور ہے، ان کے لئے HPV ویکسین کی 3 خوراکوں کی تجویز دی جاتی ہے۔ اس پر آپ کے بچے کے ماہر ڈاکٹر کے ساتھ بات کی جانی چاہیے۔

سیکنڈری اسکول کا سال اول ویکسین لگوانے کا بہترین وقت ہے کیوں کہ اس وقت یہ مؤثر ترین ہوتی ہے۔

# MenACWY ویکسین

## مینگوکاکل مرض کیا ہے؟

مینگوکاکل مرض ایک سنگین بیکٹیریل انفیکشن ہے جس مینجائٹس (دماغ کی تہہ کی سوزش) اور سیپٹیسیمیا (خون میں زہر) پیدا ہو سکتا ہے اور موت واقع ہو سکتی ہے۔ کئی اقسام کے مینگوکاکل بیکٹیریا موجود ہیں اور سب بچوں کو ابتدائی بچپن میں مینگوکاکل گروپ سی سے بچاؤ کی ویکسین لگائی گئی ہو گی۔

MenACWY ویکسین مینگوکاکل گروپ سی مرض کے خلاف مدافعت بڑھائے گی۔ یہ مینگوکاکل گروپس اے، ڈبلیو اور وائی کے خلاف بھی اضافی تحفظ فراہم کرتی ہے۔ اس کے علاوہ یہ ویکسین مرض کی جسم میں موجودگی کا خطرہ کم کرتی ہے جس سے دوسرے لوگوں کا بھی تحفظ ہوتا ہے۔

MenACWY ویکسین کا نام Nimenrix ہے۔

یہ ویکسین مینگوکاکل بیکٹیریا کے تمام گروہوں سے تحفظ نہیں دیتی، مثلاً گروپ بی یا مینجائٹس پیدا کرنے والے دیگر بیکٹیریا، اور اس لئے یہ اہم ہے کہ آپ کو بھی معلوم ہو کہ کن علامات پر نظر رکھنی ہے اور فوری طبی امداد کب حاصل کرنی ہے۔
مینگوکاکل مرض اچانک شروع ہو سکتا ہے۔ علامات میں بخار، گردن کی اکڑن، سر درد، جوڑوں کا درد اور ریش (رگڑ) شامل ہیں۔
مینگوکاکل مرض کسی بھی عمر میں پیدا ہو سکتا ہے لیکن اس کی سب سے زیادہ شرح 5 سال سے کم عمر اور خاص کر 1 سال سے کم عمر بچوں میں پائی جاتی ہے۔

اس کے بعد زیادہ خطرے میں مبتلا گروہ 15-19 سالہ نوجوان ہیں۔

## MenACWY ویکسین کی کتنی خوراکوں کی ضرورت ہے؟

تحفظ کے لئے MenACWY ویکسین کی صرف ایک خوراک کی ضرورت ہے۔

# Tdap ویکسین

## Tdap کیا ہے؟

Tdap ٹیٹنس، ڈفتھیریا اور پرٹسز (کالی کھانسی) کا مخفف ہے۔
یہ ویکسین مضر بیکٹیریا اور زہریلے مادوں سے بچاتی ہے۔ Tdap ویکسین کا نام Boostrix ہے۔

**ٹیٹنس** سے پٹھوں میں تکلیف دہ اینٹھنیں، جھٹکے اور جبڑا پھنس جانے (پٹھوں کی اینٹھنوں کی وجہ سے منہ کھولنے میں مشکل) کا مسئلہ پیدا ہو سکتا ہے، جس سے سانس لینے میں دشواری اور موت واقع ہو سکتی ہے۔

**ڈفتھیریا** ایک سنگین مرض ہے جو عام طور پر گلے میں درد سے شروع ہوتا ہے اور تیزی سے سانس کے مسائل پیدا کرنے کا باعث بن سکتا ہے۔ یہ دل اور اعصابی نظام کو بھی نقصان پہنچا سکتا ہے۔

**پرٹسز** (کالی کھانسی) ایسا مرض ہے جو طویل وقت تک کھانسی، دم گھٹنے اور قے کا باعث بن سکتا ہے جس سے سانس لینا مشکل ہو سکتا ہے۔

یہ سب سنگین امراض کے انفیکشنز ہیں جن کے نتیجے میں ہسپتال میں داخلہ ہو سکتا ہے۔
بدترین صورت میں ان کیفیات سے موت واقع ہو سکتی ہے۔

## مکمل تحفظ کے لئے ڈفتھیریا، ٹیٹنس اور کالی کھانسی کی ویکسین کی کتنی خوراکوں کی ضرورت ہے؟

چھ سال کی عمر تک ہر بچے کو ٹیٹنس، ڈفتھیریا اور پرٹسز (کالی کھانسی) کی ویکسین کی چار خوراکیں لگوا لینی چاہئیں - یعنی:

- ابتدائی بچپن میں 3 خوراکیں
- جونیئر انفینٹس میں ایک بوسٹر خوراک

وقت کے ساتھ ان امراض کے خلاف مدافعت کم ہو جاتی ہے، اس لئے اضافی تحفظ کے لئے بوسٹر خوراک کی تجویز دی جاتی ہے۔

بوسٹر اضافی یا ٹاپ اپ خوراک ہوتی ہے۔ یہ ان کی پانچویں اور آخری خوراک ہے اور انہیں طویل مدت تک قائم رہنے والا تحفظ فراہم کرے گی۔

| |
|---|
| پانچ خوراکوں کے بعد آپ کا کورس مکمل ہو جائے گا |

# عمومی سوالات

**کیا طلبہ MenACWY، HPV یا Tdap ویکسین لگوانے کے لئے بڑے ہونے کا انتظار کر سکتے ہیں؟**
HSE اسکول پروگرام سیکنڈری اسکول کے سال اول کے طلبہ کے لئے MenACWY، HPV اور Tdap ویکسینز پیش کرتا ہے۔ اس سال HSE لارا بیرنن HPV کیچ اپ ویکسینیشن پروگرام کے ذریعے لوگوں کو HPV ویکسین لگوانے کا ایک اور موقع دے رہا ہے۔ www.hpv.ie پر مزید تفصیلات دستیاب ہیں

تاہم کیچ اپ پروگرام دسمبر 2023 میں ختم ہو جائے گا، اگر آپ اپنے بچے کو ویکسین لگوانے کے لئے اس کے بڑے ہونے کا انتظار کریں تو آپ کو اپنے جی پی (مقامی ڈاکٹر) کے ذریعے بچے کو ویکسین لگوانی ہو گی اور ویکسین کی قیمت اور ویکسین لگانے کی فیس ادا کرنی ہو گی۔

**کیا مجھے دی گئی ویکسینز کا ریکارڈ ملے گا؟**
جی ہاں۔ ویکسینیشن کے دن اسکول ویکسینیشن ٹیم مامونیت کے پاسپورٹ اپ ڈیٹ کرے گی۔ اگر آپ کے پاس مامونیت کا پاسپورٹ نہیں ہے تو ویکسینیشن کے بعد مامونیت کی ٹیم کا ایک رکن آپ کو یہ پاسپورٹ دے گا۔

**طلبہ ویکسینیشن کا دن کے دن کی تیاری کیسے کر سکتے ہیں؟**
ویکسینیشن کے دن طلبہ کو درج ذیل کام کرنے چاہئیں:

- ناشتہ کریں
- ڈھیلی اور چھوٹی آستینوں کی قمیض پہنیں

**ہمیں کیسے معلوم ہو گا کہ ویکسینز محفوظ ہیں؟**
تمام ویکسینز محفوظ ہیں اور ثابت ہوا ہے کہ یہ جان بچاتی ہیں اور سنگین امراض سے تحفظ دیتی ہیں۔
درج ذیل سمیت بین الاقوامی ادارے باقاعدگی سے ویکسینز کی نگرانی کرتے ہیں اور جائزہ لیتے ہیں:

- عالمی ادارہ صحت
- یورپی ادویات کی ایجنسی
- امریکہ میں مراکز برائے امراض پر قابو اور انسداد

تمام بین الاقوامی اداروں نے مسلسل اطلاع دی ہے کہ آئرلینڈ میں استعمال ہونے والی ویکسینز محفوظ ہیں اور ان کے کوئی معلوم طویل مدتی ضمنی اثرات نہیں ہیں۔

**کیا ویکسینز کے قلیل مدتی ضمنی اثرات ہوتے ہیں؟**
اکثر طلبہ کو ویکسینز کے بعد کوئی مسائل نہیں ہوئے۔ کچھ طلبہ کو بازو میں ٹیکہ لگانے کی جگہ پر درد، سوجن یا سرخی ہو سکتی ہے۔ کچھ طلبہ کو سر درد ہو سکتا ہے، پیٹ خراب ہو سکتا ہے یا درجۂ حرارت ذرا بڑھ سکتا ہے۔ اس میں فکر کی کوئی بات نہیں کیوں کہ عام طور پر یہ ایک دو دن میں ٹھیک ہو جاتا ہے۔

**کیا ویکسینز کے طویل مدتی ضمنی اثرات ہوتے ہیں؟**
ریکارڈ میں کوئی طویل مدتی ضمنی اثرات نہیں ہیں۔

## آپ کو مزید معلومات کہاں سے مل سکتی ہیں
اگر آپ کے کوئی سوالات ہیں تو براہ مہربانی اپنی HSE اسکول کی مامونیت کی ٹیم کے کسی رکن، اپنی صحت عامہ کی نرس یا اپنے جی پی (ڈاکٹر) سے بات کریں۔ اس پیک میں آپ کو مامونیت کی ٹیم سے رابطے کی تفصیلات ملیں گی۔

ویکسینز کے تعلق ویڈیوز اور حقائق جاننے کے لئے آپ www.hpv.ie اور www.immunisation.ie بھی ملاحظہ کر سکتے ہیں۔ ہم آپ کو ترغیب دیتے ہیں کہ ہماری ویب سائٹ پر "سیکنڈری اسکول شروع کرنے والے طلبہ کی ویکسینز کے متعلق حقائق" پڑھیں۔

آپ www.hpra.ie پر ویکسینز کے لئے مریضوں کے معلوماتی کتابچوں کے لنک بھی دیکھ سکتے ہیں۔

متعلقہ مریضوں کا معلوماتی کتابچہ پڑھنے کے لئے Gardasil 9 (HPV), Nimenrix (MenACWY) یا Boostrix (Tdap) سرچ کریں۔

## ویکسینز کے لئے رضامندی کا فارم
آپ کو اس پیک میں شامل رضامندی کا فارم پڑھ کر اور اسکول کو واپس کرنا ہو گا تاکہ اسکول میں بچے کو ویکسین لگائی جا سکے۔
آپ اسکول کو فارم واپس کرنے کے لئے دیا گیا لفافہ استعمال کر سکتے ہیں۔